پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

### رائے شماری
### کنزیومر کانفیڈینس انڈیکس
### "معیشت"

# ہر 10 میں سے 4 (39%) پاکستانیوں کے مطابق اگلے چھ ماہ میں ملک کے موجودہ معاشی حالات مزید بہتر ہو جائیں گے جبکہ 29% اس بارے میں مایوسی کا شکار ہیں۔

**(ڈن&براڈسٹریٹ اور گیلپ پاکستان کنزیومر کانفیڈینس انڈیکس)،**


اسلام آباد، 31 اگست، 2021

ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ اور گیلپ پاکستان کنزیومر کنفیڈنس انڈکس کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 39% پاکستانیوں کے مطابق اگلے چھ ماہ میں ملک کے موجودہ معاشی حالات مزید بہتر ہو جائیں گے۔

کنزیومر کنفیڈنس انڈکس (سی سی آئی) موجودہ جذبات اور مستقبل کے نظریات کی عکاسی کرتا ہے جسے پاکستانی موجودہ صارفین کی نظروں سے دیکھا گیا ہے۔ سی سی آئی کا اسکور معیشت کے حوالے سے صارفین کی اُمید/مایوسی کے ساتھ ساتھ اُن کی مالی صورتحال کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ کنزیومر کنفیڈنس انڈکس معاشی صحت اور سماجی بہبود کا ایک اہم انڈیکیٹر ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، " **آپ کے خیال میں آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات کیسے رہیں گے ؟**"۔ اس سوال کے جواب میں 8% جوابدہندگان کے مطابق آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات بہت بہتر ہو جائیں گے۔ 31% جوابدہندگان کے مطابق بہتر ہو جائیں گے 17% جوابدہندگان کے مطابق ایسے ہی رہیں گے، 19% جوابدہندگان کے مطابق بدتر ہو جائیں گے، جبکہ 10% جوابدہندگان کے مطابق آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات بہت بدتر ہو جائیں گے۔

" آپ کے خیال میں آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک کے عام معاشی حالات کیسے رہیں گے ؟"




*Note: Don't Know/No Response not shown*
*Source: Dun & Bradstreet and Gallup Pakistan Consumer Confidence Index*

پاکستان سی سی آئی سروے ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان نے جاری کیا گیا اور یہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ اس سروے کی ویو 1 پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1590 مرد و خواتین سے مارچ 2021 میں منعقد ہوئی۔ اس سروے کی ویو 2 پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1997 مرد و خواتین سے جون 2021 میں منعقد ہوئی۔ ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ اور گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ مکمل رپورٹ کو: https://gallup.com.pk/wp/wp-content/uploads/2021/08/DB_GP_CCI_Report_Q22021.pdf پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

_The Pakistani Affiliate of Gallup International_

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, August 31th, 2021**

_(2 Pages, Urdu version only)_

**_Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe._**

_Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan._

_Phone: +92-51-2655630_
_E-mail:_ fatima.idrees@gilanifoundation.com

**_Disclaimer:_** _Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com_

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years

of Gallup Pakistan
(1980-2021)